نوٹ

# 6

# گودام کاری

ہم اپنی روزمرہ کی زندگی میں کئی قسم کا کھانا کھاتے ہیں۔ کچھ لوگ اپنے خاص کھانے میں چاول کھانا پسند کرتے ہیں تو کچھ لوگ روٹی۔ لیکن کیا آپ نے سوچا ہے کہ یہ دھان یا گیہوں، جن سے یہ کھانے کی چیزیں تیار ہوتی ہیں کہاں سے آتے ہیں؟ جیسا کہ ہم جانتے ہیں کہ یہ اناج پورے سال پیدا نہیں ہوتے، لیکن ہم انہیں روز کھاتے ہیں۔ تو پھر کسان کس طرح سے ہمیں ان اناجوں کی لگاتار سپلائی کرتے رہتے ہیں؟ آپ ضرور سوچتے ہوں گے کہ وہ ان اناجوں کا ایک مناسب جگہ پر ذخیرہ کرتے ہوں گے اور ضرورت پڑنے پر ہمیں سپلائی کرتے ہیں۔ جی ہاں، آپ بالکل ٹھیک سوچ رہے ہیں۔ ان کی پیداوار کچھ خاص علاقوں میں اور خاص موسم میں ہوتی ہے۔ اس لئے اناج کا باقاعدگی سے گودام میں رکھنا ضروری ہوتا ہے۔ ہم اپنے گھروں میں اپنی ضرورت کے اعتبار سے اناج کا محدود ذخیرہ رکھ سکتے ہیں۔ لیکن کچھ ایسی مخصوص جگہیں یا گودام ہوتے ہیں جہاں ان تمام اشیاء کا صحیح طریقہ سے اور بڑی مقدار میں ذخیرہ کیا جاتا ہے۔ اس سبق میں ہم ان گوداموں کے بارے میں تفصیل سے مطالعہ کریں گے۔

## مقاصد

اس سبق کو پڑھنے کے بعد آپ:

- گودام کاری (ware housing) کے معنی واضح کرسکیں گے؛
- گودام کاری کی ضرورت کو پہچان سکیں گے؛
- مختلف قسم کے گوداموں کی پہچان کرسکیں گے؛
- مثالی گوداموں کی خصوصیات واضح کرسکیں گے؛
- گوداموں کے کام بیان کرسکیں گے؛ اور
- گوداموں کے فوائد درج فہرست کرسکیں گے؛

نوٹ

## 6.1 گودام کاری کا مطلب

ہمیں اپنی روزمرہ کی زندگی میں مختلف چیزوں کی ضرورت ہوتی ہے ہم ان میں سے کچھ تھوک میں خرید سکتے ہیں اور انہیں اپنے گھر میں کہیں محفوظ رکھ سکتے ہیں۔ اسی طرح تاجر کو مختلف قسم کی چیزوں کی ضرورت پیش آتی ہے۔ ان میں سے بعض چیزیں ہر وقت بازار میں دستیاب نہیں ہوسکتیں۔ لیکن تاجروں کو ان چیزوں کی ضرورت بنا کسی رکاوٹ کے تمام سال ہی رہتی ہے۔ ایک چینی کی فیکٹری ہی کی مثال لے لیجیے۔ اسے چینی تیار کرنے کے لئے کچے مال کے بطور گنّے کی ضرورت پڑتی ہے۔ آپ تو جانتے ہیں کہ گنّے کی پیداوار سال میں ایک خاص وقت پر ہوتی ہے۔ لیکن گنّے کی مل کو پورے سال گنّے کی مسلسل سپلائی درکار ہوتی ہے لیکن ایسا کیسے ممکن ہوسکتا ہے؟ ایسے میں مناسب مقدار میں گنّے کو ذخیرہ کرنے کی ضرورت محسوس ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ چینی کی پیداوار کے بعد اس کی تقسیم اور فروخت کے لئے وقت درکار ہوتا ہے۔ اس طرح کچے مال اور تیار اشیاء دونوں کو ہی گودام میں رکھنے یا محفوظ رکھنے کی ضرورت پیش آتی ہے۔



گودام کاری

اسٹور کرنے یا گودام میں رکھنے میں اشیاء کو اس کی پیداوار یا خرید سے اس کے استعمال تک محفوظ رکھنے کا معقول انتظام کرنا شامل ہے۔ مال اسٹور کرنے یا محفوظ رکھنے کے اس عمل کو بڑے پیمانے پر اور ایک مخصوص طریقے سے انجام دیا جائے تو اس عمل کو گودام کاری کہتے ہیں۔ جس جگہ یہ عمل کیا جائے یعنی مال محفوظ رکھا جائے اسے گودام اور گودام کی دیکھ بھال کرنے والے افسر کو گودام کا نگراں (ویرہاؤس کیپر) کہتے ہیں۔

گودام کاری کا مطلب ہے بری مقدار میں منظّم طریقے اور ترتیب سے مال محفوظ رکھنا اور ضرورت پڑنے پر بہ آسانی اس مال کو مہیا کروانا۔ دوسرے الفاظ میں گودام کاری کا مطلب ہے چیزوں کو ان کی پیداوار یا خرید کے وقت سے لے کر ان کے فروخت ہونے یا استعمال ہونے تک بڑی مقدار میں روک کر یا محفوظ شکل میں رکھنا۔

گودام کاری تجارت کے اہم معاون کاموں میں سے ایک ہے۔ گودام کاری کا عمل اشیاء کی پیداوار اور ان کے استعمال کے درمیان وقت کے خلاء کو پُر کر کے ان اشیاء میں وقت کی افادیت پیدا کرتا ہے۔

## 6.2 گودام کاری کی ضرورت

مندرجہ ذیل وجوہات کی بناء پر گودام کاری کی ضرورت پڑتی ہے۔

(i) **موسمی پیداوار:** آپ تو جانتے ہیں کہ زرعی اشیاء کچھ مخصوص موسموں میں کھیتوں سے کاٹی جاتی ہیں جب کہ ان اشیاء کا استعمال پورے سال کیا جاتا ہے۔ اس لئے ان اشیاء کو اچھے گوداموں میں رکھنے کی ضرورت ہوتی ہے جہاں سے

ضرورت کے مطابق ان کی سپلائی کی جا سکے۔

(ii) **موسمی مانگ:** کچھ چیزیں ایسی بھی ہوتی ہیں جن کی مانگ خاص موسم یا موقعوں پر ہی کی جاتی ہے جیسے سردیوں میں اونی کپڑے برسات میں چھتری وغیرہ۔ لیکن موسمی مانگوں کو پورا کرنے کے لئے ایسی چیزوں کی پیداوار پورے سال ہوتی ہے۔ اس لئے ان چیزوں کو ٹھیک طرح سے رکھنے کے لئے گودام کی ضرورت ہوتی ہے جس سے کہ ٹھیک وقت پر ان چیزوں کی سپلائی کی جا سکے۔

(iii) **بڑے پیمانے پر پیداوار:** آج کل صنعتوں میں تیار کی جانے والی چیزوں کی پیداوار اکثر موجودہ اور مستقبل کی مانگ کو دھیان میں رکھتے ہوئے کی جاتی ہے۔ پیدا کار بھی بڑی مقدار میں اشیاء پیدا کر کے بڑے پیمانے کی پیداوار کے فائدے اٹھانا چاہتے ہیں۔ بڑے پیمانے پر پیداوار کرنا زیادہ کفایتی ہے۔ اس طرح بڑی مقدار میں پیدا کئے گئے تیار شدہ مال کو اس وقت تک قاعدے سے گوداموں میں رکھنے کی ضرورت ہوتی ہے جب تک کہ یہ چیزیں فروخت نہ ہو جائیں۔

(iv) **فوری سپلائی:** صنعتی اور زراعتی اشیاء دونوں ہی مخصوص جگہوں پر پیدا کی جاتی ہیں جب کہ ان کی ضرورت پورے ملک میں ہوتی ہے اس لئے ان اشیاء کے ذخیرہ کو ان کے استعمال ہونے کی جگہوں کے نزدیک رکھنا ضروری ہوتا ہے تاکہ صارفین کی ضرورت کے وقت بلا تاخیر انہیں صارفین کو مہیا کروایا جا سکے۔

(v) **لگاتار پیداوار:** صنعتی اکائیوں میں لگاتار پیداوار کرنے کے لئے کچے مال کی مسلسل ضرورت رہتی ہے اس لئے مسلسل پیداوار کرتے رہنے کے لئے یہ ضروری ہے کہ گوداموں میں کچے مال کی کافی مقدار ہر وقت محفوظ رہے۔

(vi) **قیمتوں میں ٹھہراؤ:** بازار میں چیزوں کی قیمتوں میں ٹھہراؤ لانے کے واسطے بھی ان چیزوں کو گودام میں رکھنے کی ضرورت ہوتی ہے کیونکہ اگر ایسا نہ ہو تو بازار میں ان چیزوں کی کمی ہوتے ہی ان کی قیمتیں بڑھ جائیں گی۔ اس کے علاوہ زیادہ پیداوار اور سپلائی سے چیزوں کی قیمتیں گرنے کی امید بھی رہتی ہے۔ گودام کاری سپلائی میں توازن بنائے رکھتی ہے جس سے قیمتوں میں ٹھہراؤ پیدا ہوتا ہے۔

## متن پر مبنی سوالات 6.1

مندرجہ ذیل میں سے کون سے بیانات درست ہیں اور کون سے غلط؟

(i) گودام کاری سے وقت کی رکاوٹ کو دور کیا جاتا ہے۔

(ii) گودام کاری تجارت سے متعلق اہم مددگار سرگرمی نہیں ہے۔

(iii) گودام کاری کا مقصد فاضل مال کو مستقبل میں ان کی کمی کے وقت استعمال کے لئے رکھنا ہو سکتا ہے۔

(iv) گودام کاری کو موسمی چیزوں کا ذخیرہ رکھنے کے لئے استعمال نہیں کیا جاتا۔

(v) بڑے پیمانے کی تجارت میں گودام کاری کی ضرورت نہیں ہوتی۔

(vi) گودام کاری کارخانوں میں لگاتار پیداوار کرنے میں مددگار ثابت ہوتی ہے۔

## 6.3 گوداموں کی قسمیں

آپ نے پڑھا کہ گودام کاری مختلف قسم کی چیزوں کو محفوظ کرنے کی ضرورت کو پورا کرتی ہے۔ انہی ضروریات کو دھیان میں رکھتے ہوئے مختلف قسم کے گودام وجود میں آئے ان کو مندرجہ ذیل قسموں میں بانٹا جاسکتا ہے۔

(i) نجی گودام

(ii) پبلک گودام

(iii) سرکاری گودام

(iv) ضمانتی یا بانڈ شدہ

(v) امداد باہمی گودام

آیئے اب ان کے بارے میں تفصیل سے جائزہ لیں۔

**(i)** **نجی گودام:** جو گودام پیدا کار یا تاجروں کے ذریعے اپنی چیزوں کے رکھنے کے لئے بنائے جائیں ان کو نجی گودام کہتے ہیں۔ عام طور پر ایسے گودام کسان اپنے کھیتوں کے قریب تھوک فروش اور خردہ فروش اپنے کاروباری مراکز کے قریب پیدا کار اپنے کارخانوں کے قریب بناتے ہیں۔ ان کی بناوٹ اور سہولیات محفوظ رکھی جانے والی اشیاء کی نوعیت پر منحصر ہوتی ہیں۔

**(ii)** **پبلک گودام:** جن گوداموں کو عام لوگوں کے استعمال کے لئے بنایا جاتا ہے پبلک گودام کہلاتے ہیں۔ ان گوداموں میں کرایہ دے کر کوئی بھی آدمی اپنی چیزوں کو رکھ سکتا ہے۔ کوئی بھی فرد یا شراکت دار فرم یا کمپنی ایسے گوداموں کی مالک ہوسکتی ہے۔ ایسے گوداموں کو چلانے کے لئے سرکار سے لائسنس لینے کی ضرورت ہوتی ہے۔ ان گوداموں کے کاموں اور عمل کو حکومت منضبط کرتی ہے۔ ان کا استعمال پیدا کار، تھوک، تاجر، درآمد و برآمد کرنے والے تاجر اور سرکاری ایجنسیاں وغیرہ کرتی ہیں۔

**(iii)** **سرکاری گودام:** ایسے گوداموں کی ملکیت، انتظامیہ وغیرہ مرکزی حکومت، ریاستی حکومت، پبلک کارپوریشن یا مقامی حکام کے ہاتھوں میں ہوتا ہے۔ ان گوداموں کا استعمال سرکاری اور نجی دونوں قسم کی کمپنیاں کرسکتی ہیں۔ ہندوستان میں سینٹرل ویر ہاؤسنگ کارپوریشن آف انڈیا، ریاستی ویر ہاؤسنگ کارپوریشن، فوڈ کارپوریشن آف انڈیا وغیرہ ایسی ایجنسیاں ہیں جو سرکاری گوداموں کا رکھ رکھاؤ اور دیکھ بھال کررہی ہیں۔

(iv) **بانڈ شدہ گودام:** ان گوداموں کی ملکیت اور انتظامیہ حکومت یا نجی ایجنسیوں کے ہاتھوں میں ہوتی ہے۔ نجی بانڈ شدہ گوداموں کو حکومت سے لائسینس حاصل کرنا ضروری ہوتا ہے۔ ان گوداموں میں ایسی چیزوں کو رکھا جاتا ہے جو غیر ممالک سے درآمد کی گئی ہوں اور جن پر درآمد ڈیوٹی ابھی ادا نہ کی گئی ہو۔ درآمد کئے ہوئے مال کو درآمد کرنے والا تاجر بنا ڈیوٹی دیئے ہوئے بندرگاہ سے نہیں لے جا سکتا ہے۔ اس لئے جب تک ٹیکس کی ادائیگی نہ ہو جائے یہ سامان ایسے گوداموں میں رکھا رہتا ہے۔ ایسے گوداموں کے مالک عموماً بندرگاہی انتظامیہ ہوتی ہے یہ گودام بندرگاہوں کے قریب واقع ہوتے ہیں۔

(v) **امداد باہمی گودام:** ایسے گوداموں کی ملکیت اور کنٹرول و انتظامیہ کوآپریٹو سوسائٹیوں کے ہاتھوں میں ہوتا ہے اس میں سوسائٹی کے ممبران کو کفایتی شرح پر مال رکھنے کی سہولت ملتی ہے۔

## 6.4 مثالی گودام کی خصوصیات

اوپر آپ نے مختلف قسم کے گوداموں کے بارے میں پڑھا۔ ہر قسم کے گودام میں چیزوں کے رکھنے کی مناسب سہولت ہوتی ہے۔ لیکن اگر کسی بھی گودام میں مندرجہ ذیل خوبیاں ملتی ہیں تو ایسے گوداموں کو مثالی گودام کہا جائے گا۔

(i) گودام کو ہائی وے، ریلوے اسٹیشنوں، ہوائی اڈے یا بندرگاہوں کے نزدیک ایسی سہولت کی جگہوں پر واقع ہونا چاہیے جہاں مال کو بہ آسانی لادا اور آتارا جا سکے۔

(ii) چیزوں کو اتارنے چڑھانے کے لئے میکانکی آلات کا ہونا ضروری ہے۔ اس سے نہ صرف ٹوٹ پھوٹ کم ہوتی ہے بلکہ اتارنے و چڑھانے کا خرچ بھی کم ہوتا ہے۔

(iii) مال کو مناسب طریقے سے رکھنے کے لئے گودام کی عمارت میں کافی جگہ ہونی چاہیے۔

(iv) پھلوں، سبزیوں، انڈے اور مکھن وغیرہ جیسی خراب ہونے والی چیزوں کے لئے گوداموں میں کولڈ اسٹوریج کی سہولت بھی ہونی چاہیے۔

(v) دھوپ، بارش، ہوا، نمی، کیڑوں وغیرہ سے بچاؤ کے لئے معقول انتظام ہونا چاہیے۔





نوٹ

(vi) گودام کے اندر اور آس پاس کافی جگہ ہونی چاہیے جہاں گاڑیوں کو کھڑا کیا جا سکے اور ان میں سے چیزوں کو اُتارنا و چڑھانا آسان ہوا۔

(vii) چیزوں کی چوری کو روکنے کے لئے ہر وقت پہرے دار ہونے چاہئیں۔

(viii) آگ سے ہونے والے نقصان سے بچنے کے لئے گوداموں میں آگ کو بجھانے و روکنے کا ضروری ساز و سامان موجود ہونا چاہیے۔

## متن پر مبنی سوالات 6.2

بریکٹ میں دیئے گئے الفاظ سے مناسب لفظ کو چھانٹ کر خالی جگہوں کو پُر کیجیے۔

(i) فوڈ کارپوریشن آف انڈیا ــــــــــــ گودام کی مثال ہے۔ (سرکاری، نجی، بانڈیڈ)

(ii) تاجروں کے ذریعہ بطور خاص استعمال کئے جانے والے گودام جہاں وہ اپنی اشیاء رکھتے ہیں اسے ــــــــــــ گودام کے طور پر جانا جاتا ہے۔ (بانڈ شدہ، عوامی نجی)

(iii) گودام شروع کرنے کے لئے سرکار سے لائسنس لینے کی ــــــــــــ ضرورت نہیں ہوتی۔ (سرکاری، نجی)

(iv) بانڈ شدہ یا ضمانتی گودام عام طور پر ــــــــــــ کے قریب قائم کئے جاتے ہیں۔ (صنعتی علاقے، بندرگاہ، تجارتی مرکز)

(v) ایسی چیزیں جن پر درآمد ڈیوٹی ادا نہیں کی جاتی ان کو ــــــــــــ گوداموں میں رکھا جاتا ہے۔ (سرکاری، نجی، بانڈیڈ)

## 6.5 گودام کے کام

آپ پڑھ چکے ہیں کہ گودام میں منظّم اور صحیح طریقے سے بڑے پیمانے پر اشیاء کو محفوظ رکھا جاتا ہے۔ یہ چیزوں کو گرمی، ہوا، آندھی، نمی وغیرہ سے بچاتے ہیں اور ان میں ہونے والی ٹوٹ پھوٹ سے یا خراب ہونے سے بھی ان کی حفاظت کرتے ہیں۔ یہ ہر گودام کا بنیادی کام ہوتا ہے۔ ان کے علاوہ آج کل گودام دوسرے اور بھی کام انجام دیتے ہیں۔ اس حصے میں آپ گوداموں کے ایسے دوسرے اہم کاموں کی جانکاری حاصل کر پائیں گے جو مندرجہ ذیل ہیں۔

**(i)** **چیزوں کو اسٹور کرنا:** گودام کا بنیادی کام بڑی تعداد میں چیزوں کو اسٹور کرنا ہوتا ہے۔ چیزوں کو ان کی پیداوار یا خرید کے وقت سے تب تک اسٹور کیا جاتا ہے جب تک کہ ان کا صرف یا استعمال نہ ہو

**(ii)** **چیزوں کی حفاظت:** گودام چیزوں کو گرمی، دھول، ہوا، نمی وغیرہ سے خراب ہونے اور نقصان پہنچنے سے بچاتا ہے۔ ان گوداموں میں اشیاء کی نوعیت کے حساب سے مختلف چیزوں کے لئے خاص احتیاطی بندوبست کرنے ہوتے

ہیں۔اس وجہ سے چیزوں کو اسٹور کرنے کے دوران خراب ہونے اور ضائع ہونے سے بچایا جا سکتا ہے۔

(iii) **جوکھم برداشت کرنا:** چیزوں کو گودام میں رکھنے کے دوران انہیں درپیش سبھی خطرات کو گودام کو اپنے ذمہ لینا پڑتا ہے۔ ایک بار اشیاء کو گودام کے نگراں کو اسٹوریج کے لئے سونپنے کے بعد ان اشیاء سے متعلق ذمہ داری نگراں گودام کو منتقل ہو جاتی ہے۔ اس طرح گودام میں رکھے رہنے کی حالت میں مال کو پہنچنے والے کسی بھی نقصان کو نگران گودام کو ہی برداشت کرنا پڑتا ہے۔ چونکہ چیزوں کو ٹھیک ٹھاک واپس کرنا گودام کی ذمہ داری ہے۔ اس لئے اس سے متعلق کسی بھی نقصان، چوری یا ٹوٹ پھوٹ کی ذمہ داری گودام ہی کی ہے اس لئے گودام ان خطرات سے بچنے کی تمام تدابیر کرتا ہے۔



(iv) **مالیات فراہم کرنا:** جب کوئی آدمی گودام میں مال رکھتا ہے تو اس کو ایک رسید ملتی ہے جو اس بات کا ثبوت ہے کہ اس آدمی نے یہ مال گودام میں رکھوایا ہے اس کے علاوہ مال کے مالک کو اپنے حق میں گودام سے ایک دستاویز بھی مل سکتا ہے جسے نگراں گودام کا وارنٹ کہتے ہیں۔ یہ وارنٹ مال کی ملکیت کی ایک دستاویز ہے۔ مالک اس دستاویز کی پشت پر اپنے دستخط کر کے اور اس کی سپردگی کے ذریعہ اس کو منتقل بھی کر سکتا ہے۔ جب گودام کے نگراں کی تحویل میں اشیاء ہوتی ہیں تو اس وارنٹ کو گروی رکھ کر مالک کسی بینک یا دوسرے مالیاتی اداروں سے رقم قرض بھی لے سکتا ہے بعض حالات میں گودام والے خود بھی مال رکھنے والوں کو ان کے مال کی ضمانت پر قلیل مدت کے لئے قرض دے دیتے ہیں۔

(v) **پروسیسنگ:** بعض اشیاء اس شکل میں استعمال نہیں ہو پاتی ہیں جس میں وہ پیدا ہوئی ہیں۔ پروسیسنگ کے ذریعے انہیں استعمال کے قابل بنایا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر چاول پر پالش کی جاتی ہے، لکڑی کو پختہ کیا جاتا ہے، پھلوں کو پکایا جاتا ہے وغیرہ۔ کئی بار گودام ہی ان کاموں کو کرنے کی ذمہ داری لے لیتا ہے۔

(vi) **گریڈنگ اور برانڈنگ:** گودام پیدا کاروں، تھوک تاجروں اور درآمد کرنے والوں کی گذارش پر ان کی طرف سے اشیاء کی درجہ بندی اور برانڈ لکھنے کا کام بھی کر دیتے ہیں۔ وہ مال کو ملانے، نئے مرکب بنانے اور پیکنگ کرنے میں بھی گودام مدد کر سکتے ہیں جس کے تحت چیزوں کو ملانا، پیک کرنا وغیرہ آتا ہے۔



نوٹ

(vii) نقل وحمل: بعض دفعہ بڑی مقدار میں سامان رکھنے والوں کو گودام نقل وحمل کی سہولت بھی مہیا کرتا ہے مال جمع کرنے والوں کی گذارش پر گودام والے اشیاء کو ان کی پیداوار کی جگہ سے اٹھانے اور انہیں سپردگی کی جگہ تک پہنچانے کا کام بھی انجام دیتے ہیں۔

## 6.6 گودام کاری کے فائدے

کاروباری طبقہ کو گوداموں سے کئی قسم کے فائدے ہوتے ہیں۔صنعتوں یا کاروباری اکائیوں کو گوداموں سے حاصل ہونے والے فائدے مندرجہ ذیل ہیں۔

(i) مال کی حفاظت اور تحفظ—جب کاروبار میں مال کی فروخت کی ضرورت نہیں ہوتی ہے تو اس وقت گودام چیزوں کو حفاظت سے اپنے پاس رکھتے ہیں اور ان کا تحفظ کرتے ہیں اور انہیں نقصان سے بچاتے ہیں۔ٹوٹ پھوٹ، کوالٹی میں آنیوالی خرابی اور ضائع ہونے سے ہونے والے نقصان کو کم سے کم کردیتے ہیں اور جہاں تک ممکن ہوتا ہے جدید تکنیک کا استعمال کرکے چیزوں کی حفاظت کرتے ہیں۔اور انہیں نقصان سے بچاتے ہیں۔

(ii) اشیاء کی پابندی کے ساتھ سپلائی—چاول، گیہوں وغیرہ جیسی کئی اشیاء صارفین کی پیداوار ایک خاص موسم میں ہوتی ہے لیکن ان کی ضرورت پورے سال رہتی ہے۔اس طرح سے گوداموں کے ذریعے ایک خاص موسم میں پیدا کی گئی چیزیں رکھنے سے اس کی پورے سال سپلائی ممکن ہو پاتی ہے۔

(iii) پیداوار میں تسلسل— گودام پیداکار کو خام مال کو جمع کرنے کی فکر سے آزاد رکھ کر انہیں اطمینان سے اشیاء کی پیداوار پر توجہ دینے کے لائق بناتے ہیں۔ یہ تیار شدہ مال بنانے کے لئے موسمی کچا مال مسلسل مہیا کرانے میں مدد کرتے ہیں۔

(iv) آسان محل وقوع— گودام عام طور پر مناسب جگہوں جیسے سڑک، ریل یا آبی راستوں پر قائم کیے جاتے ہیں اس سے نقل وحمل کی لاگت میں کمی آتی ہے۔

(v) برتنے میں آسانی—جدید گوداموں میں اشیاء کو برتنے کے لئے میکانکی آلات نصب ہوتے ہیں۔ بھاری اور بڑی تعداد میں چیزوں کو ڈھونے کے لئے جدید ترین مشینوں کا استعمال کیا جاتا ہے۔جس سے مال کو ڈھونے و رکھنے کا خرچ کم ہوتا ہے اور ان مشینوں کے استعمال سے مال کو لادنے اور اتارنے کے دوران ہونے والے نقصان کو بھی کم ترین کیا جاتا ہے۔

(vi) چھوٹے کاروبار کے لئے مفید—اپنا خود کا گودام تعمیر کرنے کے لے بھاری سرمایہ لگانے کی ضرورت ہوتی ہے۔ چھوٹے کاروباری اس کی استطاعت نہیں رکھتے۔ایسی حالت میں یہ تھوڑا سا کرایہ دے کر پبلک گوداموں میں اپنے مال کو اور کچا مال بھی رکھ کر بے فکر ہو سکتے ہیں۔



نوٹ

(vii) **روزگار کے مواقع**— گودام ہنر مند لوگوں کے ساتھ ساتھ غیر ہنر مند طبقے کو بھی ملک کے تمام حصوں میں روزگار کے مواقع فراہم کرتے ہیں اس سے لوگوں کو اپنی آمدنی و معیار زندگی کو بہتر بنانے کا موقع ملتا ہے۔

(viii) **چیزوں کی فروخت میں مددگار**—چیزوں کو فروخت کرنے کے لئے متوقع خریداروں کے ذریعہ معائنہ، ان کی درجہ بندی، برانڈ دینا، پیک کرنا، اور لیبلنگ وغیرہ جیسے مختلف اقدامات ضروری ہوتے ہیں۔ جنہیں گوداموں کے ذریعہ انجام دیا جاسکتا ہے۔ گودام کے نگراں کا وارنٹ منتقل کرنے کے ذریعہ اشیاء کی ملکیت میں آسانی سے خریدار کو منتقل کی جاسکتی ہے۔

(ix) **مالیات مہیا کرانا**— گودام کے ذریعہ جاری کئے گئے وارنٹ کی ضمانت کی بنیاد پر تاجر کو آسانی سے بینک اور دیگر مالیاتی اداروں وغیرہ سے قرضہ حاصل کیا جاسکتا ہے۔ اس کے علاوہ کچھ معاملوں میں گودام بھی جمع کنندگاں کو اشیاء کی ضمانت کے طور پر رکھ کر پیشگی فراہم کرتے ہیں

(x) **نقصان کے خطرات کو کم کرنا**— گوداموں میں رکھا ہوا مال پوری نگرانی اور حفاظت میں رہتا ہے۔ اس کے علاوہ چوری سے بچانے کے لئے گودام سیکورٹی کا عملہ بھی رکھ سکتے ہیں اور حفاظت کے لئے کیڑے مار دوا کا استعمال کیا جاسکتا ہے۔ جلدی خراب ہونے والی چیزوں کو رکھنے کے لئے برف خانہ کی سہولت بھی موجود ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ آگ سے بچانے کے لئے بھی گوداموں میں سبھی طرح کی تیاریاں کی جاتی ہیں ایسا کرنے سے چیزوں کو پہنچنے والے نقصانات کو کافی حد تک قابو میں لایا جاسکتا ہے۔

## متن پر سوالات 6.3

I۔ مندرجہ ذیل میں سے درست اور غلط بیانات چھانٹیے۔

(i) گودام کاری کا بنیادی کام ہے چیزوں کو اسٹور کرنا ہے۔

(ii) گوداموں میں ہونے والے نقصانات کو گودام کے ذریعے پورا نہیں کیا جاتا۔

(iii) گودام کے ذریعے جاری کئے گئے وارنٹ کی ضمانت کی بنیاد پر بینک وغیرہ سے قرضہ مل سکتا ہے۔

(iv) گوداموں کے ذریعے چیزوں کی لگاتار پیداوار اور ان کی پابندی سے سپلائی ممکن ہو پاتی ہے۔

(v) گودام کاری کے ذریعے روزگار کے مواقع فراہم نہیں ہو پاتے۔

II۔ کثیر انتخابی سوالات

1۔ درج ذیل میں کون سی گودام کاری کی ضرورت نہیں ہے؟

(a) اشیاء کی فوری سپلائی (b) اشیا کی موسمی پیداوار

(c) بڑے پیمانے پر پیداوار (d) چھوٹے پیمانے پر پیداوار

2۔ گوداموں کی کون سی اقسام ہوائی اڈوں اور بندرگاہوں پر واقع ہوتی ہے؟

(c) پبلک گودام (b) حکومتی گودام

(c) بانڈیڈ گودام (d) کوآپریٹو گودام

3۔ مینوفکچر رہا تاجروں کی زیرملکیت اور زیرانتظام گودام میں ان کی اپنی اشیاء کا اسٹاک ہی بطور خاص رکھا جاتا ہے۔ اس طرح کے گودام کو کیا کہتے ہیں؟

(a) حکومتی گودام (b) نجی گودام

(c) پبلک گودام (d) کوآپریٹو گودام

4۔ درج ذیل میں کون سا کام گودام کا نہیں؟

(a) جوکھم برداشت کرتا (b) مالیات کی فراہمی

(c) ہر گاہک کے لئے نقل وحمل کی سہولت دینا (d) شے کا تحفظ

5۔ درج ذیل میں کون سا گودام کا فائدہ نہیں ہے؟

(a) چھوٹے کاروباریوں کے لئے مفید

(b) آسان محل وقوع پر دستیابی

(c) روزگار کی تخلیق نہ کرنا

(d) مالیات کی آسان دستیابی

## 6.4 آپ نے کیا سیکھا

- گودام کاری کے ذریعے بڑے پیمانے پر ٹھیک طریقہ سے چیزوں کی دیکھ ریکھ پیداوار سے لے کر چیز کے استعمال تک کی جاتی ہے۔ اس سے جگہ اور وقت کے مسائل حل ہوتے ہیں۔ یہ کاروبار کی ایک اہم معاون سرگرمی ہے۔
- گوداموں کی ضرورت جن وجوہات سے ہوتی ہے، وہ ہیں؛

(i) اشیاء کی موسمی پیداوار

(ii) موسمی مانگ

(iii) بڑے پیمانے پر پیداوار



نوٹ

(iv) فوری طور پر سپلائی

(v) پابندی کے ساتھ پیداوار

(vi) قیمتوں میں ٹھہراؤ

- گوداموں کی قسمیں

(i) نجی گودام

(ii) پبلک گودام

(iii) سرکاری گودام

(iv) بانڈ شدہ

(v) کوآپریٹو گودام

- معیاری گودام کی خصوصیات

(i) مناسب جگہ پر قائم ہونا

(ii) چیزوں کو برتنے کے لئے میکانکی آلات

(iii) گودام میں کافی جگہ موجود ہونا

(iv) خراب ہونے والی چیزوں کے لئے برف خانہ (کولڈ اسٹوریج)

(v) دھوپ، ہوا، دھول، نمی اور کیڑوں وغیرہ سے چیزوں کی حفاظت

(vi) گاڑیوں وغیرہ کے لئے مناسب پارکنگ

(vii) ہر وقت پہرہ داری

(viii) آگ سے حفاظت کرنے کی صلاحیت اور چیزوں کا موجود رہنا۔

- گودام کے کام

(i) چیزوں کو اسٹور کرنا

(ii) چیزوں کی تحفظ

(iii) جوکھم اٹھانا

(iv) مالیات کی سہولت فراہم کرنا

(v) پروسیسنگ

(vi) گریڈنگ اور برانڈنگ



نوٹ

(vii) نقل وحمل

- گودام کاری کے فائدے

(i) اشیاء کی تامین وتحفظ

(ii) چیزوں کی پابندی کے ساتھ سپلائی

(iii) پیداواری عمل میں تسلسل

(iv) آسان محل وقوع

(v) سنبھالنے میں آسانی

(vi) چھوٹے کاروباریوں کے لئے مفید

(vii) روزگار کے مواقع

(viii) چیزوں کی فروخت میں مددگار

(ix) مالیات مہیا کروانا

(x) نقصان کے خطرات کو کم کرنا۔

## 6.5 اختتامی مشق

1۔ گودام کاری کا کیا مطلب ہے؟

2۔ گودام کاری کی ضرورت بیان کیجیے۔

3۔ ایک معیاری گودام کی کوئی بھی چھ خصوصیات بیان کیجیے۔

4۔ مختلف قسم کے گوداموں کی درجہ بندی کیجیے۔ ان کو مختصراً واضح کیجیے۔

5۔ پبلک اور نجی گودام کے فرق کو واضح کیجیے۔

6۔ گوداموں کے کام سمجھائیے۔

7۔ پبلک گودام کا کیا مطلب ہے؟ پبلک گودام کے کوئی تین کام بتائیے۔

8۔ کاروباری لوگوں کے لئے گودام کے فائدے بیان کیجیے۔

9۔ ایک بانڈ شدہ گودام کس طرح سے درآمد کے لئے فائدے مند ہے؟

10 گودام کاری تجارت کی ایک اہم معاون سرگرمی ہے۔ قول کی وضاحت 60 الفاظ میں قلم بند کیجیے۔



## متن پر مبنی سوالات کے جوابات

6.1 (i) درست (ii) غلط (iii) درست

(iv) غلط (v) غلط (vi) درست

6.2 (i) سرکاری (ii) نجی (iii) سرکاری

(iv) بندرگاہ (v) بندھوا (بونڈیڈ)

6.3 (i) درست (ii) غلط (iii) درست

(v) درست (v) غلط

## آپ کے لئے سرگرمی

- اسٹور اور گودام کے کاموں کا تقابلی جائزہ پیش کیجیے۔ ایک اسٹور گودام سے کس طرح مختلف ہوتا ہے؟ (اشارہ: اسٹور کی گنجائش، اسٹوریج کی ملکیت، حالات اور سہولت کی بنیاد پر موازنہ کیجیے۔)